| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات وعبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: نبوّت ورسالت |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے مختصراً سوال پوچھیں کہ نبی اور رسول کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟ طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے اس دنیا میں اپنے خاص بندوں کو بھیجا انھیں نبی اور رسول کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 15 کی سطریں (اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ----۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام علیہم السلام بھیجے) درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔ آسان الفاظ میں متن واضح کریں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب سمجھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا یعنی تمام مخلوقات پر اسے افضل بنایا۔ انسان کو سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت سے نوازا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ انسان پر اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا فضل یہ ہے کہ اس نے اسے دنیا میں رہنے کے لیے بہت سی نعمتوں سے نوازا جیسے ہوا، پانی، خوراک، گھر، والدین اور دوسرے رشتہ دار۔
- ان سب چیزوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے انسان کی ایک اور ضرورت کا بھی خیال رکھا جو کہ ہدایت اور راہ نمائی تھی۔

- طلبہ کو بتائیں کہ اس مقصد کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کو بھیجا جو نبی اور رسول کہلائے یہ پاک، معصوم اور سچے انسان تھے۔
- طلبہ کو نبی اور رسول کے مفہوم سے آگاہ کریں انھیں بتائیں کہ نبی کا معنیٰ ہے چھپی ہوئی باتوں کی خبر دینے والا، اور رسول وہ نبی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب نازل کی۔
- انھیں بتائیں کہ حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم تک اللہ تعالیٰ نے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔ ان تمام پر اللہ تعالیٰ نے اپنا پیغام نازل کیا جس کو انھوں نے آگے لوگوں تک پہنچایا۔ تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے لوگوں کو ایک اللہ کی عبادت کرنے حکم دیا اور بُرے کاموں سے روکا۔ انھوں نے لوگوں کو نیکی اور بدی میں فرق کرنا سکھایا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ایک اہم عقیدہ رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ طلبہ کو چند مشہور انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور انھیں بتائیں کہ ان کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام لکھتے ہیں جس کے معنی ہیں ان پر سلامتی ہو۔

حضرت آدم علیہ السلام | حضرت نوح علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام | حضرت اسماعیل علیہ السلام

- طلبہ کو بتائیں کہ صرف حضرت محمد رسول اللہ کے ساتھ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم لکھتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ہدایت | ہِ۔ دا۔ یَت | سیدھا راستہ دکھانا |
| معصوم | مَع۔ صوم | پاک |
| عبادت | عِ۔ با۔ دَت | بندگی |

**اعادہ:** 2منٹ

تختہ تحریر پر چند انبیائے کرام علیہم السلام کے نام لکھیں اور طلبہ کو ان کے نام پڑھانے کی مشق کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات پوچھیں طلبہ کو سوچنے اور بولنے کا موقع دیں۔ ان کے جوابات کو توجہ سے سنیں، درست جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ مشق جزو (1) کے سوال (ا) کا جواب طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

درج ذیل انبیائے کرام کے ناموں کے ساتھ کیا بولا جائے گا؟



| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:اوّل | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:4 دُوسرا دن | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: نبوّت ورسالت | باب دوم: ایمانیات وعبادات (الف) ایمانیات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:**

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پچھلے پڑھائے گئے سبق سے سوالات پوچھیں جیسے:

- اللہ تعالیٰ نے کتنے نبی اور رسول بھیجے؟
- ان نبی اور رسولوں کا کیا کام تھا؟ اور ان کی تعلیمات کیا تھیں؟

طلبہ کو سمجھائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور راہ نمائی کے لیے نبی اور رسول بھیجے ان میں سے بعض پر اللہ تعالیٰ نے اپنی آسمانی کتابیں نازل کیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ خاتم النبیین ہیں یعنی آپ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے انسانوں کے لیے معبوث فرمایا اس لیے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی تعلیمات پر عمل کرنا ہم سب پر فرض ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 15 کی سطریں (ان میں سے بعض انبیائے کرام علیہم السلام۔۔۔۔۔۔۔ نبی یا رسول نہیں آئے گا) درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور راہ نمائی کے لیے نبی اور رسول بھیجے ان نبیوں اور رسولوں نے اپنی تعلیمات کے ذریعے لوگوں کو زندگی گزارنے کے طریقے بتائے۔

ان انبیائے کرام علیہم السلام کی تعلیمات سے ہمیں پتہ چلا کہ کون سے اعمال اچھے ہیں جن کو کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہو گا اور کن کاموں کو کرنے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو گا اور جن کو کرنے سے ہم سزا کے حقدار ٹھہریں گے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ چار آسمانی کتابوں کے نام اور جن رسولوں پر یہ نازل ہوئیں یہ ہیں۔

1 تورات — حضرت موسیٰ علیہ السلام

2 زبور — حضرت داؤد علیہ السلام

3 انجیل — حضرت عیسیٰ علیہ السلام

4 قرآن مجید — حضرت محمد رسولُ اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم

- طلبہ کو آسمانی کتابوں کے ناموں کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- انھیں بتائیں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم ان تمام رسولوں اور ان پر نازل ہونے والی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں اور ان کا احترام کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری آسمانی کتاب قرآن مجید نازل کی۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے بعثت کا سلسلہ ختم کر دیا اور قرآن مجید میں آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو خاتم النبیین کہہ کر یہ اعلان فرمادیا کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم ہی آخری نبی ہیں اب قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی تعلیمات ہی اب قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ہدایت کا ذریعہ ہیں اور جن پر عمل کر کے ہم دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نازِل | نا۔زِ۔ل | آسمان سے اُترنا |
| قیامت | قِ۔یا۔مَت | روزِ محشر |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
مشق جزو(1) کے سوال(۲) کا جواب طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

## گھر کا کام: 2منٹ

طلبہ گھر میں کسی بڑے کی مدد سے عقیدۂ ختم نبوّت کے حوالے سے قرآنی آیت مع ترجمہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

درج ذیل جدول میں آسمانی کتابوں کے نام تلاش کر کے لکھیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ن | و | ح | س | ا | ع | ر | ا |
| د | گ | د | ا | ل | ح | ج | ژ | ک |
| ق | ر | آ | ن | م | ج | ی | د | ا |
| خ | س | م | ج | ق | د | ر | یٰ | گ |
| م | آ | ب | ی | ت | و | ر | ا | ت |
| ض | ل | ا | ل | ش | ء | گ | ی | ے |
| ت | ظ | غ | ک | ن | ش | ف | ہ | ٹے |
| ز | ب | و | ر | ط | ع | ق | ب | ض |

۱۔ ____________ ۲۔ ____________

۳۔ ____________ ۴۔ ____________

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ________ | مضمون: اسلامیات | سبق: نبوت و رسالت |
| --- | --- | --- |

**سوال 1:** حروف ملا کر نبیوں کے نام مکمل کریں اور خالی جگہ پُر کریں۔

حضرت ________ علیہ السلام    م | و | س | یٰ

حضرت ________ علیہ السلام    ع | ی | س | یٰ

حضرت ________ علیہ السلام    د | ا | ؤ | د

حضرت ________ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم    م | ح | م | د

**سوال 2:** آسمانی کتابوں کو، جن نبیوں پر یہ نازل ہوئیں کے ناموں سے ملائیں۔

| | |
| --- | --- |
| حضرت داؤد علیہ السلام | تورات |
| حضرت موسیٰ علیہ السلام | زبور |
| حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم | انجیل |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | قرآن مجید |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: نبوت و رسالت |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی تعلیمات پر عمل کرنا دین و دنیا میں کامیابی کی ضمانت ہے۔ جو شخص آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو آخری نبی نہ مانے اور جھوٹا نبی ہونے کا دعویٰ کرے تو ایسا شخص جھوٹا اور دجال ہوگا اور دائرہ اسلام سے خارج ہوگا۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 15 کی سطریں (حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے بعد۔۔۔۔ دنیا اور آخرت اچھی ہو) پڑھ کر سنائیں۔ آسان الفاظ میں متن واضح کریں اور مشکل الفاظ کا مطلب سمجھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک آنے والے ہر انسان کی ہدایت و راہ نمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- طلبہ کو آسان الفاظ میں سمجھائیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم دنیا میں اللہ تعالیٰ کا پیغام لے کر تشریف لائے اور بنی نوع انسان کی راہ نمائی فرمائی۔
- پہلے جتنے بھی نبی اور رسول آئے وہ کسی خاص قوم یا علاقے کی طرف بھیجے گئے جبکہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو ساری دنیا کے لیے نبی اور رسول بنا کر بھیجا گیا۔

- طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات ساری دنیا کے لیے ہیں اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد نبوّت کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا گیا۔ اب دینِ اسلام ہمیشہ کے لیے مکمل ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر قرآن مجید نازل کیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو تمام انسانوں کے لیے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بتائی گئی تعلیمات پر عمل کرنے میں ہی دین و دنیا کی فلاح اور نجات ہے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو آخری نبی ماننا اور آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بتائی ہوئی تعلیمات پر عمل کرنا ہمارے ایمان کا لازمی حصّہ ہے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے خود فرمایا: ”میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو گا“۔ (سنن ترمذی، حدیث: 2219)
- طلبہ کو بتائیں کہ مندرجہ بالا حدیث سے واضح ہو گیا کہ اب نہ کوئی نیا دین آئے گا، نہ کوئی شریعت آئے گی، نہ وحی نازل ہو گی اور جو شخص نبی ہونے کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا اور کذاب ہو گا اور دائرہ اسلام سے خارج ہو گا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سِلسلہ | سِل۔ سِ۔ لہ | لڑی |
| دعویٰ | دَع۔ وا | مطالبہ |
| کذّاب | کذ۔ ذاب | نہایت جھوٹا |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کریں۔

**جائزہ:** **6 منٹ**

مشق جزو (1) کے سوال (۳) کا جواب طلبہ سے پوچھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ جواب کو کاپی پر لکھیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا کام دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

دی ہوئی حدیثِ مبارکہ زبانی یاد کریں رنگ بھریں اور استادِ محترم کی مدد سے ترجمہ لکھیں۔

# لَا نَبِيَّ بَعْدِي

ترجمہ:

______________________

______________________

______________________

(سنن ترمذی، حدیث:2219)

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ________ | مضمون: اسلامیات | سبق: نبوّت و رسالت |
|---|---|---|

⇐ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ہیں:

(الف) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت آدم علیہ السلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام

۲۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے تقریباً نبی اور رسول بھیجے:

(الف) ایک لاکھ دس ہزار (ب) ایک لاکھ بیس ہزار (ج) ایک لاکھ چوبیس ہزار

۳۔ سب سے آخری نبی اور رسول ہیں:

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام

### اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول کا پیارا نام لکھیں۔

________________________